© rasailojaraid.com



# تبصرے

(۱) حی بن یقظان (ترجمہ) ضخامت ۸۰ صفحات
قیمت مجلد تین روپیہ
(۲) فلسفہ حی بن یقظان ضخامت ۱۲۸ صفحات
قیمت مجلد عہ دو روپیہ

کتابت وطباعت بہتر
پتہ :- جناب سعید احمد صاحب
صدیقی ذکاء اللہ روڈ
مسلم یونیورسٹی علی گڑھ۔

یہ دونوں کتابیں بھی جناب ظفر احمد صاحب صدیقی کی کاوش قلم کا نتیجہ ہیں۔ ابن طفیل مغرب کے مسلمان فلاسفہ میں ایک نہایت بلند مرتبہ فلسفی ہے اس نے ماحول اور وقت کے تقاضہ سے مجبور ہو کر حی بن یقظان نامی ایک فرضی کردار کی داستان کے پیرایہ میں اپنے فلسفہ کی اصل روح کو سمیٹ کر بھر دیا تھا یہ کہنے کو کچھ بے ربط سی اور پریشان و منتشر داستان ہے لیکن ابن طفیل نے اس میں خدا کی ذات و صفات - روح و صورت - سزا و جزا - عالم حدوث و قدم - علم - زبان - مذہب ان سب اہم مباحث کی نسبت اپنے خاص فلسفیانہ افکار بڑی خوبی اور عمدگی سے بیان کئے ہیں - چنانچہ اس کتاب کو اس قدر مقبولیت حاصل ہوئی کہ آج یورپ کی کوئی زبان ایسی نہیں ہے جس میں اس داستان کا ترجمہ موجود نہ ہو۔ جناب صدیقی صاحب اردو ادب کی طرف سے شکریہ کے مستحق ہیں کہ انھوں نے اردو کو بھی اس شرف سے محروم نہ رہنے دیا - چنانچہ موصوف نے پہلی کتاب میں ابن طفیل اندلسی کی اصل عربی کتاب سے داستان حی بن یقظان کا اردو میں سلیس و عام فہم ترجمہ کیا ہے اور پھر دوسری کتاب میں ابن طفیل کے حالات و سوانح بیان کرنے کے بعد ابن طفیل کے فلسفہ کا تجزیہ کر کے اس کے ہر ہر جزیہ پر تبصرہ کیا ہے اور سب سے آخر باب میں ابن طفیل کا یورپ کے فلاسفۂ جدید سے مقابلہ و موازنہ کر کے اول الذکر کے فلسفہ کی اہمیت اور حی بن یقظان

© rasailojaraid.com